© rasailojaraid.com



# خطوط بنام ادارہ

## ترتیب: مولانا ابرار اللہ شاہ

محترم " مدیر مسئول صاحب " زید مجدہ !!!

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ' ،،،

مزاج گرامی بندہ کے سامنے " المباحث الاسلامیہ" کا سہ ماہی رسالہ پڑا ہے۔ مطالعہ کر کے انتہائی خوشی ہوئی لیکن اس بات کا افسوس ہے کہ ابھی تک اس اہم رسالے کے بارے میں کچھ خبر نہ تھی اگر چہ بنوں فقہی کانفرنس کے بارے میں بارہا سنا تھا۔ اب بندہ اس کوتاہی کے ازالہ کے لیے تمام گذشتہ رسالے منگوانا چاہتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سالانہ رقم بھی روانہ کرتا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ میرے پتہ فی الفوران مہینوں کا رسالہ جاری فرما کر رقم کا انتظار نہ فرمائیں رقم میں روانہ کر رہا ہوں چند دنوں میں۔

نیز میرے رسالے میں ایک پرچی لکھ کر رکھ دیں جس میں یہ وضاحت ہو کہ گذشتہ رسالے مجھے کس قیمت میں مل سکتے ہیں، ان کو خریدا جائے یا وہ کتاب جو عنقریب پانچ جلدوں میں چھپنے والی ہے جو اپنی مقالات و رسائل پر مشتمل ہے۔ اللہ آپ سب کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ والسلام !!!

طلب دُعا " فرمان الٰہی "

خطیب جامع مسجد کالج کالونی سیدو شریف سوات

محترمی و مکرمی " جناب مدیر مسئول صاحب "

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ' ،،،

آپ کا سہ ماہی رسالہ " المباحث الاسلامیہ " نظر سے گزرا۔ ماشاء اللہ بہت معیاری ہے۔

ہم اپنے "ایم۔ اے اسلامیات کے طلباء و طالبات کی رہنمائی کے لیے مجلہ مذکورہ کو مستقل بنیادوں پر جاری کروانا چاہتے ہیں۔

لہٰذا گزارش ہے کہ جنوری 2006ء کے شمارہ سے سالانہ بنیاد پر بذریعہ وی۔ پی بنام پرنسپل گورنمنٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ رسالہ ارسال فرمادیا جائے۔ شکریہ !!!

" پرنسپل " گورنمنٹ اسلامیہ کالج ( چنیوٹ )

بخدمت اقدس جناب مدیر اعلیٰ " المباحث الاسلامیہ " حفظہ اللہ ورعاہ !!!

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ' ،،،

بعد از تحیۃ اسلامیہ خیریت جانبین مطلوب ہے۔ دیگر اینکہ آپ کے زیر ادارت شائع ہونے والا سہ ماہی رسالہ

© rasailojaraid.com